© rasailojaraid.com

# اخبار و افکار

## وقائع نگار

۱۹ اکتوبر: کولوریڈو اسٹیٹ امریکہ کے شعبہ معاشیات اور قانون ماحول کے پروفیسر ڈاکٹر جارج - ای - ریڈوسوئچ (Dr. George E-Radosouich) نے ڈائرکٹر ادارۂ تحقیقات اسلامی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی - ڈاکٹر جارج "پاکستان میں پانی کی تقسیم — ایک معاشیاتی مطالعہ" (The water distribution in Pakistan an economic study) کے موضوع پر ایک مقالہ لکھ رہے ہیں - اس سلسلے میں انھوں نے پانی کی تقسیم اور پانی کے استعمال کے متعلق اسلامی نقطۂ نظر پر ڈائرکٹر سے تبادلہ خیال کیا - ڈاکٹر جارج نے قرآن سنت اور فقہ کی روشنی میں طہارت، وضو، غسل اور آبپاشی کے متعلق احکام و مسائل سے بھی واقفیت حاصل کی -

---

۲۳ نومبر: وزارت قانون حکومت پاکستان کے ڈپٹی سکریٹری جناب ہدایت حسین ایم - ایس - سی ، سی - ایس - پی نے سیمینار ہال میں "Musalman Criminal Law in Indo-Pakistan Sub-Continent" کے موضوع پر انگریزی میں ایک مقالہ پڑھا - مقالہ پیش کرنے سے پہلے انھوں نے تمہید کے طور پر سائنس ، اس کے حدود اور اغراض و مقاصد پر شستہ اردو زبان میں روشنی ڈالی - مقالے کے بعد سوالات و جوابات کا سلسلہ شروع ہوا جو دیر تک جاری رہا - یہ گفتگو بہت دلچسپ اور دانش ورانہ تھی - موضوع خشک ہونے کے باوجود انداز گفتگو اور آزادانہ ماحول نے گرانی محسوس نہیں ہونے دی -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ابتداء میں مہمان مقالہ نگار کا تعارف اور اختتام پر تشکر کے فرائض جناب ڈائرکٹر نے انجام دیئے ۔

---

۲۰ نومبر: ڈاکٹر احسان حقی نے ادارۂ تحقیقات اسلامی کے ڈائرکٹر سے ملاقات کی ۔ ڈاکٹر حقی ایک لبنانی مورخ ہیں، بیروت میں مقیم ہیں اور حکومت پاکستان کے ایما پر عربی زبان میں پاکستان کی تاریخ لکھ رہے ہیں ۔

انھوں نے ادارہ کے کتب خانے میں بہت دلچسپی لی اور تفصیل سے اس کے مختلف صیغوں کا معائنہ کیا ۔ انھوں نے اس بات پر خوشی اور تعجب کا اظہار کیا کہ ادارے میں اکثر لوگوں نے ان کے ساتھ عربی میں گفتگو کی ۔

ڈائرکٹر نے ادارے کے رسائل اور دیگر عربی اور انگریزی مطبوعات کا تحفہ انھیں پیش کیا ۔

© rasailojaraid.com